# ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ

21-ماؤو ایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد۔ www.mpcl.com.pk

MPCL

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیاجاتاہے کہ ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا 40 واں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز منگل مورخہ 24 ستمبر، 2024ء صبح 10:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 21 ماؤوایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

30 جون، 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ انفرادی اور مجمع مالیاتی گوشواروں مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، اُن پر غوروخوض اور انہیں اختیار کرنا۔

30 جون، 2024ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ حتمی ڈیویڈنڈ 134 روپے فی شیئر (1،340 فیصد) کی منظوری دینا۔ یہ عبوری ڈیویڈنڈ 98 روپے فی شیئر (980 فیصد) کے علاوہ ہے جو پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے۔

مالی سال 25-2024 کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

چیئرمین کی اجازت سے دیگر کسی بھی کاروباری امور کی انجام دہی۔

**خصوصی امور:**

5. **کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم**

اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کی ترمیم یا بغیر ترمیم کے خصوصی قرارداد کے طور پر منظوری، تاکہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جا سکے:

"قرار پایا ہے کہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کی منظوری۔

مزید قرار پایا ہے کہ، کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور سیکرٹری انفرادی یا مشترکہ طور پر اس سلسلے میں تمام قانونی امور تعمیل کرنے کے مجاز ہیں۔

مزید قرار پایا ہے کہ، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مذکورہ بالا تبدیلی کسی بھی ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف ضرورت پڑنے سے مشروط ہوگی اور اس طرح کی ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف کے لیے ممبرز کی طرف سے نئی منظوری کی ضرورت نہیں ہوگی۔"

6. **بونس حصص کے اجراء کے ذریعے ریزروز کی کیپٹلائزیشن**

08 اگست، 2024ء کو منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں تجویز کردہ ہر ایک (01) شیئر کے لئے آٹھ (08) شیئرز (i.e., 800%) کے تناسب سے بونس شیئرز کے اجراء کی منظوری اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد کے طور پر منظوری۔

"قرار پایا ہے کہ، 30 جون، 2024ء کو کمپنی کے کیپٹل ریڈمشن ریزروفنڈ میں موجود سرمایہ 10،590،001،000 روپے (دس ارب انسٹھ کروڑ ایک ہزار روپے) اور تقسیم کے لئے دستیاب غیر منقسم منافع میں سے 82،199،000 روپے (آٹھ کروڑ اکیس لاکھ ننانوے ہزار روپے) کی رقم کو مستقل سرمایہ میں تبدیل کر کے 10 روپے فی شیئر مالیت کے کل 1،067،220،000 (ایک ارب چھ کروڑ بہتر لاکھ بیس ہزار) عمومی حصص کا مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کے طور پر اجراء کمپنی کے اُن ممبران کو کیا جائے گا جن کے نام 18 ستمبر، 2024ء کو کاروبار کے اختتام پر ممبرز رجسٹر میں درج ہوں گے، مزید یہ کہ الاٹ کئے گئے بونس شیئرز جن کا تناسب ہر ایک (01) شیئر کے لیے آٹھ (08) شیئرز (i.e. 800%) ہیں کمپنی کے موجودہ عام حصص کے ساتھ ہر لحاظ سے برابر ہوں گے۔

مزید قرار پایا ہے کہ، ممبران کے جزوی شیئرز کے استحقاق (Entitlement) کو مجتمع اور مکمل شیئرز میں یکجا کر کے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں فروخت کیا جائے گا۔ اس کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم بورڈ کے توسط سے عطیہ کی جائے گی۔

مزید قرار پایا ہے کہ، کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 ستمبر، 2024ء سے 24 ستمبر، 2024ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی تا کہ ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کے استحقاق کا تعین کیا جا سکے۔

مزید قرار پایا ہے کہ، کمپنی 5 فیصد بونس شیئرز جن کا کیس سندھ ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے، پر بونس شیئرز کا اجراء سندھ ہائی کورٹ کے حتمی فیصلہ آنے تک روکے رکھے گی۔

مزید قرار پایا ہے کہ، کمپنی سیکرٹری اس قرارداد پر عمل درآمد کے لئے مکمل طور پر با اختیار ہونگے اور بونس شیئرز کے تعین، اجراء اور تقسیم کو یقینی بنانے کے لئے ضروری اقدامات، معاہدہ جات اور ایسی دیگر سرگرمیوں کے لئے مجاز ہوں گے۔"

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت مذکورہ بالا خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کا بیان نوٹس ہذا کے ساتھ ممبران کو بھیجا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ

محمد سجاد
ایکٹنگ کمپنی سیکرٹری

02 ستمبر، 2024ء

**نوٹس:**

1. **کتابوں کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 ستمبر، 2024ء سے 24 ستمبر، 2024ء تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس واقع میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور میں 18 ستمبر، 2024ء کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی تمام ٹرانسفرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت، نقد منافع اور بونس شیئرز کے استحقاق کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2. **سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شمولیت**

سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت کے خواہشمند حصص داران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درجہ ذیل معلومات بذریعہ ای-میل corporate.affairs@mpcl.com.pk; پر ارسال کر کے خود کو کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ کرائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | | |

3. **ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ای میل کے ذریعے کمپنی کے ان حصص داران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے CNIC نمبرز، فون نمبرز، اور ای میل ایڈریس کی درست تفصیلات کمپنی کے ممبرز رجسٹر میں 18 ستمبر، 2024ء کو کاروبار کے اختتام تک دستیاب ہوں گی۔

ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ حصص داران کو ای میل کے ذریعے بتائے جائیں گے۔ جبکہ سکیورٹی کوڈز بذریعہ ایس ایم ایس میسرز کارپ لنک کے ویب پورٹل (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ذریعے بتائے جائیں گے۔

ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے حصص داران کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

ای ووٹنگ 21 ستمبر، 2024ء کو صبح 09:00 بجے سے شروع ہو گی اور 23 ستمبر، 2024ء کو شام 05:00 بجے تک رہے گی۔ حصص داران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ جب کسی حصص دار کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جائے گا، تو بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

4. **پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار**

ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ممبران کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ

منسلک ہے اور اسے کمپنی کی ویب سائٹ www.mpcl.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

حصص داران اس بات کو یقینی بنائیں کہ درست طرح سے پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ چیئرمین میٹنگ تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع، 21-ماؤو ایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4 ، اسلام آباد میں بذریعہ ڈاک یا ای میل chairman.bod@mpcl.com.pk پر ایک دن پہلے پہنچنا چاہئے ، یعنی 23 ستمبر، 2024 ء کی شام 05:00 بجے تک۔ اس وقت/تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے زیر غور نہیں آئے گا۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہونے چاہیں۔

5. سالانہ اجلاس عام میں ذاتی طور پر یا پراکسی کے ذریعے شرکت کرنا

مذکورہ میٹنگ میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق دار حصص دار کسی شخص/نمائندے کو پراکسی کے طور پر میٹنگ میں شرکت اور اپنی طرف سے ووٹ دینے کے لیے مقرر کر سکتا ہے۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق نمائندگی نامہ میٹنگ کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانا چاہیے۔ حصص داران کی سہولت کے لیے خالی پراکسی فارم (انگریزی اور اردو) کمپنی کی ویب سائٹ https://mpcl.com.pk/forms پر بھی دستیاب ہیں۔

کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد فرد کے دستخط میٹنگ کے انعقاد سے قبل فراہم کرنے ہوں گے۔ سی ڈی سی میں کمپنی کے کارپوریٹ حصص داران کے نمائندے یا انفرادی حصص دار میٹنگ کے وقت شناخت اور تصدیق کے لئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ، سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ساتھ لانا ہو گا۔

سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہو گا۔

6. الیکٹرانک موڈ کے ذریعے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی سیکشن 242 کے تحت کیش ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرانک موڈ کے ذریعے براہ راست حصص داران کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں منتقل کیا جائے گا۔لہٰذا، قانون پر عملدرآمد کے لئے ان تمام فزیکل حصص داران جنھوں نے اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور سی این آئی سی کی تفصیلات کمپنی کو جمع نہیں کرائی ہیں ، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ یہ معلومات کمپنی کی ویب سائٹ https://mpcl.com.pk/forms پر موجود ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم پر فراہم کریں۔ سی ڈی سی میں کمپنی کے حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی میں اپنے شرکاء کو یہی معلومات فراہم کریں جو سی ڈی سی میں ان کے اکاؤنٹس برقرار رکھتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ان کی IBAN کی تفصیلات اپ ڈیٹ کر دی گئی ہیں۔ IBAN اور درست CNIC کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی ، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کے تحت ڈیویڈنڈ روکنے پر مجبور ہو گی۔

7. ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی اور کٹوتی سے چھوٹ

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی شق 150 کے تحت کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی موجودہ شرح درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والوں کے لیے | 15: فیصد |
| انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لیے | 30: فیصد |

ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دی جانے والی فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کے مطابق کی جاتی ہے۔ ایسے تمام حصص داران جو انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرواتے ہیں، سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ ATL میں اپنے نام کے اندراج کو یقینی بنائیں تاکہ کمپنی ان کے ڈیویڈنڈ سے 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد انکم ٹیکس کی کٹوتی کو یقینی بنا سکے۔

علاوہ ازیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق حصص داران کے مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کی 'فائلر/نان فائلر' حیثیت پر ود ہولڈنگ ٹیکس کا الگ سے تعین کیا جائے گا۔

لہٰذا تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئر رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ تناسب تحریری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار کو ذیل میں فراہم کریں:

| ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جوائنٹ شیئر ہولڈنگ تناسب فارم | | | | | | |
| فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | ٹوٹل ہولڈنگ | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | | دستخط |
| | | پرنسپل شیئر ہولڈر کا نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) | جوائنٹ شیئر ہولڈر کا نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئر کی تعداد) | |
| | | | | | | |

جوائنٹ اکاؤنٹ کی معلومات نوٹس ہذا کی اشاعت کے 10 دن کے اندر ہمارے شیئر رجسٹرار کو موصول ہو جانی چاہیں۔ معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کا تناسب برابر تصور کیا جائے گا۔

CDC میں کمپنی کے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نیشنل ٹیکس نمبرز (NTNs) کو ان کے متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپ ڈیٹ کر دیا گیا ہے، جب کہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی، فولیو نمبرز کے ساتھ کمپنی یا اس کے شیئرز رجسٹرار کو فراہم کریں۔

شیئر ہولڈرز، جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ کتابوں کی بندش شروع ہونے سے پہلے ہمارے شیئرز رجسٹرار کو درست ٹیکس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ فراہم کریں بصورت دیگر قابل اطلاق شرح کے مطابق ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

### 8. سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، رپورٹس اور AGM کے نوٹس کی ترسیل

30 جون، 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ انفرادی اور مجمع مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ پر آویزاں کر دیا گیا ہے، جنہیں درج ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے حاصل/ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

https://mpcl.com.pk/financial-reports/

سالانہ آڈٹ شدہ انفرادی اور مجمع مالیاتی گوشواروں کے ساتھ رپورٹس اور AGM کے نوٹس ان ممبران کو بھیجے جا رہے ہیں جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریس فراہم کیے ہیں۔ سالانہ رپورٹ کی فزیکل کاپی ممبران کی طرف سے طلب کرنے پر ان کو فراہم کی جائے گی۔

### 9. ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 کے مطابق، ممبران اس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ مجموعی طور پر 10 فیصد یا زیادہ شیئر رکھنے والے ممبران کی جانب سے کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 7 دن قبل سہولت کے لئے رضامندی حاصل ہو۔ سہولت حاصل کرنے کے لیے مطلوبہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.mpcl.com.pk پر دستیاب ہے۔

### 10. فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیز پر لازم ہے کہ وہ اپنے جاری کردہ شیئرز کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں منتقل کریں۔ لہذا، فزیکل شیئرز رکھنے والے کمپنی کے تمام ممبران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کرا لیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے ممبران کمپنی یا شیئرز رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 11. غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت، ممبران سے ان کے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شیئر سرٹیفکیٹس پر قانون کے مطابق دعویٰ کرنے کی درخواست کر کے اپنی ذمہ داری سے دست بردار ہو چکی ہے۔

ممبران ، جن کے ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس ابھی تک غیر دعویٰ شدہ ہیں ، ان کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈز اور غیر موصول شئیر سرٹیفکیٹس کے حصول کے لئے کمپنی سے رابطہ کریں ۔

12. پتہ جات میں تبدیلی

تمام ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے میلنگ ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار ، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

13. رابطہ کی تفصیلات

کسی بھی سوال/ معلومات کے لئے،شیئرہولڈرز کارپوریٹ افیئرز ڈیپارٹمنٹ کے فون نمبر: 410-410-111-051 یا ای میل: corporate.affairs@mpcl.com.pk، یا کمپنی کے شیئر زرجسٹرار ، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ ،1-K کمرشل ، ماڈل ٹاؤن ، لاہور کے فون نمبر: 35916714-042 یا 35916719-042 یا ای میل : corporate@corplink.com.pk, corplink786@gmail.com پر رابطہ کریں۔

# کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت بیان

24 ستمبر، 2024ء کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں زیرِ غور آنے والے خصوصی اُمور سے متعلق مادی حقائق کا بیان مندرجہ ذیل ہے:

الف) آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم

کمپنی کے موجودہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو کمپنیز ایکٹ، 2017 (جس نے کمپنیز آرڈیننس، 1984 کو منسوخ کر دیا ہے) کے نفاذ کے ذریعے کی گئی تبدیلیوں کے مطابق لانے ، کمپنی کے کارپوریٹ گورننس کو بہتر بنانے ، اسٹیک ہولڈرز کے رول، حقوق اور ذمہ داریوں کو واضح اور کچھ موجودہ معمولی غلطیوں اور تضادات کو دور کرنے کے لیے، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 08اگست،2024ء کو ہونے والے اجلاس میں کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی بعض شقوں میں ترمیم کرنے کی سفارش کی ہے۔

1. ڈائریکٹرز کی دلچسپی

کمپنی کے کسی ڈائریکٹر یا چیف ایگزیکٹو یا ان کے رشتہ داروں کو کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ تبدیلیوں میں کوئی دلچسپی نہیں ہے سوائے ان کی بطور ڈائریکٹرز/چیف ایگزیکٹو/شیئر ہولڈرز کے طور پر ان کی حیثیت کے۔

2. متعلقہ دستاویزات کی دستیابی

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی موجودہ اور ترمیم شدہ مسابقتی دستاویز کی کاپی جس میں تجویز کردہ تبدیلیوں کی نشاندہی ہے بیان ہذا کے ساتھ ممبران کو بھیجی جا رہی ہے۔یہ مذکورہ بالاسالانہ اجلاس عام کے دن بھی ممبران کے معائنہ کے لیے دستیاب ہوں گی۔

3. مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو اجلاس میں ممبران کی طرف سے، ترمیم یا اس کے بغیر، غور کرنےاور اپنانے کے لیے پیش کی جائے گی۔

"قرار پایا ہے کہ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کی منظوری ۔

مزید قرار پایا ہے کہ، کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور سیکرٹری انفرادی یا مشترکہ طور پر اس سلسلے میں تمام قانونی امور کی تعمیل کرنے کے مجاز ہیں۔

مزید قرار پایا ہے کہ، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مذکورہ بالا تبدیلی کسی بھی ترمیم، تبدیلی، اضافے یا حذف ضرورت پڑنے سے مشروط ہوگی اور اس طرح کی ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف کے لیے ممبرز کی طرف سے نئی منظوری کی ضرورت نہیں ہوگی۔"

ب) بونس شیئرز کے اجراء کے ذریعہ ریزرو کی کیپٹلائزیشن

ڈائریکٹرز نے تجویز کیا ہے کہ کمپنی کی مالی حالت کے پیش نظر30جون،2024ءکو اس کے تقسیم کے لئے دستیاب غیر منقسم ذخائر میں سے 10،672،200،000روپے (دس ارب ستاسٹھ کروڑ بائیس لاکھ روپے)کی رقم کو کیپٹلائز کر کے10روپے فی شیئر مالیت کے کل 1،067،220،000 (ایک ارب چھ کروڑ بہتر لاکھ بیس ہزار) عمومی حصص کے طور پر موجودہ ہر ایک (01) شیئر کے لیے آٹھ (08) شیئرز کے تناسب سے(i.e. 800%) مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کے طور پر اجراء کیا جائے۔ ڈائریکٹرز، بالواسطہ یا بلاواسطہ، اس معاملے میں ذاتی طور پر دلچسپی نہیں رکھتے سوائے اس کے کہ کمپنی میں ان کے شیئر ہولڈنگ کی حد تک۔

مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد اجلاس میں ممبران کی طرف سے، ترمیم یا بغیر ترمیم کے، غور اور اپنانے کے لیے پیش کی جائے گی:

" قرار پایا ہے کہ،30جون،2024ءکو کمپنی کے کیپٹل ریڈمشن ریزرو فنڈ میں سے 10,590,001,000روپے (دس ارب انسٹھ کروڑ اور ایک ہزار روپے) اور تقسیم کے لئے دستیاب غیر منقسم منافع میں سے 82,199,000روپے (آٹھ کروڑ اکیس لاکھ ننانوے ہزار روپے)کی رقم کو منتقل سرمایہ میں تبدیل کر کے10روپے فی شیئر مالیت کے کل 1،067،220،000 (ایک ارب چھ کروڑ بہتر لاکھ بیس ہزار) عمومی حصص کا

اجراء، موجودہ ہر ایک (01) شیئر کے لیے آٹھ (08) شیئرز کے تناسب سے (i.e. 800%) مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کے طور پر اجراء ان ممبران کو کیا جائے جن کے نام ممبرز رجسٹر میں 18 ستمبر، 2024ء کو کاروبار کے اختتام پر درج ہوں، اور اس طرح کے حصص کمپنی کے موجودہ عام حصص کے ساتھ ہر لحاظ سے برابر ہوں گے ۔

مزید قرار پایا ہے کہ ، ممبران کے جزوی شیئرز کے استحقاق (Entitlement) کو مجتمع اور مکمل شیئرز میں یکجا کر کے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں فروخت کیا جائے گا ۔ اس کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم بورڈ کے توسط سے عطیہ کی جائے گی ۔

مزید قرار پایا ہے کہ ، کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 ستمبر، 2024ء سے 24 ستمبر، 2024ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی تا کہ ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کے استحقاق کا تعین کیا جا سکے ۔

مزید قرار پایا ہے کہ ، کمپنی کی طرف سے 5 فیصد بونس شیئرز جن کا کیس سندھ ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے، پر بونس شیئرز کا اجراء سندھ ہائی کورٹ کے حتمی فیصلہ آنے تک روکے رکھے گی ۔

مزید قرار پایا ہے کہ ، کمپنی سیکرٹری اس قرارداد پر عمل درآمد کے لئے مکمل طور پر با اختیار ہونگے اور بونس شیئرز کے تعین، اجراء اور تقسیم کو یقینی بنانے کے لئے ضروری اقدامات ، معاہدہ جات اور ایسی دیگر سرگرمیوں کے لئے مجاز ہوں گے ۔"

**فنانس ایکٹ، 2023 کے تحت بونس شیئرز کے اجراء پر ٹیکس**

یکم جولائی، 2023ء سے نافذ العمل، کمپنیوں کو بونس شیئرز کے اجراء کے وقت شیئر ہولڈرز سے 10 فیصد ٹیکس وصول کرنا ہو گا، جو کہ شیئر ہولڈرز کی ایسی آمدنی پر حتمی ٹیکس تصور ہو گا۔ غیر فعال ٹیکس دہندگان کے لیے ٹیکس کی شرح 20 فیصد ہے۔

بونس شیئرز کی قیمت کے تعین کے لئے ، کتابوں کی بندش کے پہلے دن کی اختتامی قیمت کے مساوی قیمت لی جائے گی۔

شیئر ہولڈرز کی طرف سے ٹیکس کی عدم ادائیگی کی صورت میں، کمپنی کو ٹیکس کی ذمہ داری کی حد تک حصص کو ضبط کرنے، ٹیکس کی وصولی اور اسے جمع کرانا ہے۔

# ذاتی طور پر اور ورچوئل پول کے لیے ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

سالانہ اجلاس عام 24 ستمبر، 2024 ء صبح 10:00 بجے اسلام آباد

چیئرمین کا نامزد کردہ ای میل ایڈریس جس پر درست طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے: chairman.bod@mpcl.com.pk

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر / جوائنٹ شیئر ہولڈر ز کا نام | |
| فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| شیئرز کی تعداد | |
| CNIC نمبر/پاسپورٹ نمبر - غیر ملکی کی صورت میں (کاپی منسلک کریں) | |
| اضافی معلومات اور ملفوظات (باڈی کارپوریٹ ، کارپوریشن اور فیڈرل گورنمنٹ کا نمائندہ ہونے کی صورت میں) | |

میں/ہم مندرجہ ذیل قرارداد کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/اپنے ووٹ کا استعمال کرتا / کرتی ہوں اور ذیل میں دیے گئے مناسب خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنا/اپنی رضامندی یا اختلاف رائے کا اظہار کرتا/ کرتی ہوں:

| نمبر شمار | قرارداد کی نوعیت اور تفصیل | عمومی شیئرز کی تعداد جن کے لئے ووٹ ڈالا گیا | میں/ہم قرارداد کی منظوری دیتے ہیں | میں/ہم قرارداد سے اختلاف کرتے ہیں |
|---|---|---|---|---|
| | خصوصی امور | | | |
| .1 | اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کی ترمیم یا بغیر ترمیم کے خصوصی قرارداد کے طور پر منظوری، تا کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جا سکے:<br>**"قرار پایا ہے کہ،** بورڈ آف ڈائریکٹر ز کی جانب سے تجویز کردہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترامیم کی منظوری ۔<br>**مزید قرار پایا ہے کہ،** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو اور سیکرٹری انفرادی یا مشترکہ طور پر اس سلسلے میں تمام قانونی امور تعمیل کرنے کے مجاز ہیں۔<br>**مزید قرار پایا ہے کہ،** کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مذکورہ بالا تبدیلی کسی بھی ترمیم، تبدیلی، اضافے یا حذف ،ضرورت پڑنے سے مشروط ہوگی اور اس طرح کی ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا حذف کے لیے ممبرز کی طرف سے نئی منظوری کی ضرورت نہیں ہوگی۔" | | | |
| .2 | 08اگست، 2024ء کو منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں تجویز کردہ ہر ایک (01) شیئر کے لئے آٹھ (08) شیئرز (i.e., 800%) کے تناسب سے بونس شیئرز کے اجراء کی منظوری اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ، مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد کے طور پر منظوری۔<br>**" قرار پایا ہے کہ،** 30جون،2024ء کو کمپنی کے کیپٹل ریڈیمپشن ریزرو فنڈ میں سے 10,590,001,000روپے (دس ارب انسٹھ کروڑ اور ایک ہزار روپے) اور تقسیم کے لئے دستیاب غیر منقسم منافع میں سے 82,199,000روپے (آٹھ کروڑ اکیس لاکھ ننانوے ہزار روپے) کی رقم کو منتقل سرمایہ میں تبدیل کر کے10روپے فی شیئر مالیت کے کل 1،067،220،000 (ایک ارب چھ کروڑ بہتر لاکھ بیس ہزار) عمومی حصص کا اجراء،موجودہ ہر 01شیئر کے لیے08شیئرز کے تناسب سے(i.e. 800%) مکمل ادا شدہ بونس شیئرز کے طور پر اجراء ان ممبران کو کیا جائے جن کے نام ممبرز رجسٹر میں 18 ستمبر، 2024ء کو کاروبار کے اختتام پر درج ہوں، اور اس طرح کے حصص کمپنی کے موجودہ عام حصص کے ساتھ ہر لحاظ سے برابر ہوں گے ۔ | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | **مزید قرار پایا ہے کہ**، ممبران کے جزوی شیئرز کے استحقاق (Entitlement) کو مجتمع اور مکمل شیئرز میں یکجا کر کے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں فروخت کیا جائے گا ۔ اس کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم بورڈ کے توسط سے عطیہ کی جائے گی ۔<br><br>**مزید قرار پایا ہے کہ**، کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس19 ستمبر، 2024ء سے 24 ستمبر، 2024ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی تا کہ ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کے استحقاق کا تعین کیا جا سکے ۔<br><br>**مزید قرار پایا ہے کہ**، کمپنی کی طرف سے 5فیصد بونس شیئرز جن کا کیس سندھ ہائی کورٹ میں زیرِ سماعت ہے، پر بونس شیئرز کا اجراء سندھ ہائی کورٹ کے حتمی فیصلہ آنے تک روکے رکھے گی ۔<br><br>**مزید قرار پایا ہے کہ**، کمپنی سیکرٹری اس قرارداد پر عمل درآمد کے لئے مکمل طور پر با اختیار ہونگے اور بونس شیئرز کے تعین، اجراء اور تقسیم کو یقینی بنانے کے لئے ضروری اقدامات ، معاہدہ جات اور ایسی دیگر سرگرمیوں کے لئے مجاز ہوں گے ۔" | | | |

شیئر ہولڈر کے دستخط__________________________ جگہ:__________________ تاریخ:____________

**نوٹس/بیلٹ پیپر جمع کرانے کا طریقہ کار:**

باقاعدہ پرُشدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین MPCL بورڈ آف ڈائریکٹرز، ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کو، 21ماؤوایریا، تھرڈ روڈ ،G-10/4، اسلام آباد پر یا ای میل chairman.bod@mpcl.com.pk کے ذریعے بھیجا جائے۔

CNIC/پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

پوسٹل بیلٹ فارم چیئرمین میٹنگ کو23 ستمبر ،2024 کے دن کاروباری اوقاتِ کار کے دوران پہنچ جائیں ۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لئے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

پوسٹل بیلٹ پر موجود دستخط CNIC/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

نامکمل، دستخط کے بغیر، غلط ، مسخ شدہ، پھٹے ، گندے یا اوور رائٹنگ کے حامل بیلٹ پیپر کو مسترد کر دیا جائے گا۔

# ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ

21–ماؤو ایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4 ، اسلام آباد۔ www.mpcl.com.pk

MPCL

## پراکسی فارم

چالیسواں سالانہ اجلاسِ عام - 24 ستمبر،2024ء

کمپنی سیکرٹری
ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ
21 ماؤو ایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4،اسلام آباد۔

میں/ہم، ______________ ساکن ______________ بطور ممبر(ز) ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ
رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر______________ اور حامل ______________ عددعام حصص کی حیثیت سے
جناب ______________ ساکن ______________ یا ان کی عدم دستیابی پر
جناب ______________ ساکن ______________ یا ان کی عدم دستیابی پر
جناب ______________ ساکن ______________ کو اپنی/ہماری ایماء پر کمپنی کے
بروزمنگل مورخہ 24 ستمبر، 2024 ء صبح 10:00 بجے،ہونے والے چالیسویں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے اور حقِ رائے دہی استعمال کرنے کے لئے یا کسی بھی التواء کی صورت میں اپنا/ہمارا نمائندہ (پراکسی) مقرر کرتاہوں/کرتے ہیں۔

بروز______________ ______________ستمبر______________2024ء

براہ کرم مناسب ریونیو
ٹکٹ لگائیں۔

______________ دستخط شیئر ہولڈر

______________ پراکسی کے دستخط

**گواہان :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | دستخط | | | دستخط | |
| | نام | | | نام | |
| | پتہ | | | پتہ | |
| | | | | | |
| | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر | | | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ نمبر | |

**نوٹ:**

درج بالا اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حقدار رکن کسی بھی دوسرے شخص/نمائندے کو بطور پراکسی اپنی طرف سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ کے لیے مقرر کر سکتا ہے۔ ہر لحاظ سے مکمل پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 21 ماؤوایریا، 3rd روڈ، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہوجانا چاہیے۔

سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان میں کمپنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ یہ پراکسی فارم کمپنی کو جمع کرانے سے قبل اپنے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ فوٹو کاپی لازمی منسلک کریں۔

کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ریزولوشن/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط اس پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرکے کمپنی کو جمع کرائیں۔

### فارم برائے ویڈیو کانفرنس کی سہولت

میں/ہم ______________ ساکن ______________ بطورِ ممبر(ز) ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈحامل ______________ عددعام حصص، رجسٹرڈ فولیو/
سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر______________ ویڈیو کانفرس کی سہولت بمقام ______________ چاہیں گے۔

______________
ممبر(ز) کے دستخط

AFFIX
CORRECT
POSTAGE

The Company Secretary
MARI PETROLEUM COMPANY LIMITED
21–Mauve Area, 3rd Road,
Sector G–10/4,
ISLAMABAD.